https://www.jmi.ac.in

دفتر افسر اعلی تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

# تین ہزار سے زیادہ طلبہ، فیکلٹی اراکین اور اسٹاف نے ملک گیر نشہ مکت یووا فار وکست بھارت سنکلپ ابھیان میں حصہ لیا

New Delhi, August 3, 2026

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے کل تین ہزار اسی طلبہ اور چھ سو دس اسٹاف نے دو اگست دو ہزار چھبیس کو ڈاکٹر ایم اے انصاری آڈیٹوریم میں ملک گیر سطح پر منعقدہ نشہ مکت یووا فار وکست بھارت سنکلپ ابھیان میں شرکت کی۔

عزت مآب پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، عالی وقار مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی موجودگی میں پروگرام منعقد ہوا، جس میں یونیورسٹی کے عہدیداران، اساتذہ اور اسکول و یونیورسٹی کے طلبہ بھی شریک ہوئے۔

پروگرام کا آغاز ہندوستان کے وزیراعظم عزت مآب شری نریندر مودی جی کے خطاب کے براہ راست نشریے سے ہوا، جس کے بعد نیشنل اسکول آف ڈراما (این سی ڈی) نئی دہلی کا تیار کردہ 'نکڑ ناٹک' دکھایا گیا۔ تقریب کے دوران منشیات کے استعمال کے خلاف ملک گیر عہد بھی لیا گیا، جس میں شرکا نے منشیات کے مضر اثرات کے بارے میں بیداری پھیلانے اور نوجوانوں کو صحت مند، ذمہ دارانہ اور نشے سے پاک طرز زندگی اپنانے کی ترغیب دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔ پروگرام میں 'وکست بھارت دو ہزار سینتالیس ' کے وسیع تر مشن کے تحت نشے سے پاک ہندوستان کے وژن کو شرمندہ تعبیر کرنے میں عوامی شرکت کی اہمیت پر بھی زور دیا گیا۔

پروفیسر نیلوفر افضل ڈین، اسٹوڈنٹس ویلفیئر، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے پروگرام کے اخیر میں سامعین کا شکریہ ادا کیا۔

پروفیسر صائمہ سعید

افسر اعلی تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ